30 اکتوبر 2019ء

# اسٹیٹ بینک نے مالی سال 19-2018ء کے لیے سالانہ کارکردگی جائزہ جاری کر دیا

بینک دولت پاکستان کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے 30 جون 2019ء کو ختم ہونے والے سال کے لیے بینک اور اس کے ذیلی اداروں کے کام سے متعلق مالی گوشواروں اور سالانہ کارکردگی جائزے کی 12 اکتوبر 2019ء کو منظوری دی۔

اسٹیٹ بینک آف پاکستان ایکٹ 1956ء کی دفعہ (2)40 کے تحت سالانہ کارکردگی کا جائزہ بشمول بینک اوراس کے ذیلی اداروں کے مالی گوشواروں اور ان کے متعلق آڈیٹر کی رپورٹ عوام کے لیے جاری اور وفاقی حکومت کو ارسال کی گئی ہے۔ سالانہ کارکردگی کا جائزہ اسٹیٹ بینک کی ویب سائٹ کے درج ذیل لنک پر دستیاب ہے:
http://www.sbp.org.pk/reports/annual/arFY19/Vol-1/anul-index-eng.htm

*******